[illegible]

نانا ہی کے مزار پہ سدا ساتھ ملونگی
لے آپ کے اماں کی لحد پر نہ چلونگی

سہل ست گر دو صد من بر سر نشیں
زینب اگر اسیر شود وای بر حسین

زندان ہو بے ردائی ہو اور شور و شین ہو
زینب کو سب قبول ہے لیکن حسین ہو

[illegible]

بہتر یہی ہے رشک سے غیبت سے حذر ہو
دوست ایک طرف مجھ سے نہ دشمن کا ضرر ہو

کس کی نظر لگی مری ماں کی کمائی کو
دم توڑتے ہیں پاکے غش آیا ہے بھائی کو

کیونکر خلاف مرضی رب قدیر ہو
شبیر ذبح ہو لے تو زینب اسیر ہو

[illegible]

راضی سکینہ جان تھیں یہ ہو گئیں
پہلے سے جا گئی رات میں اسوقت سو گئیں

گر تم جیو تو قید گوارہ بہن کو ہے
بھائی خدا کے بعد تو پیارا بہن کو ہے

اماں بھی مر گئیں مرے بابا بھی مر گئے
مر جاؤں گی جو یہ بھی مجھے چھوڑ کر گئے

www.emarsiya.com

۱۱۰

[illegible]

جسکو کہ آسرا ہو فقط ایک بھائی کا
حال آہ اس بہن سے پوچھئے زہرا کی جائی کا

۱۱۱

[illegible]

بیٹی ہے وہ لاڈلا خیبر شکن کا ہے
ہم کیا کہیں مقدس بھائی بہن کا ہے

۱۱۲

[illegible]

عابد نے کہہ دیا کہ وہ کردگار ہیں
ہم تازیانے کھائیں گے بابا بخار ہیں

۱۱۳

[illegible]

اسکو چھٹا مہینہ ہوا اور بے زبان ہے
قابل یتیم ہونے کے اتنی سی جان ہے

۱۱۴

[illegible]

شادی سفر میں کوئی نہیں بد نگاہ ہے
اصغر کا دودھ چھٹتا ہے اکبر کا بیاہ ہے

۱۱۵

[illegible]

باغوں میں گل زمین کے پردے سے آتے ہیں
اماں کے پھول خاک میں ملنے کو جاتے ہیں

۱۱۶

[illegible]

یہ تیر کھا کے پہلوئے اکبر میں سوئیں گے
عابد یتیم ہوئیں گے سب قتل ہوئیں گے

۱۱۷

[illegible]

اماں جھنڈولے بال ابا سر کے بڑھ چکے
اکبر لڑن کو جاتے ہیں پروان چڑھ چکے

۱۱۸

[illegible]

سب شیر حق کے لال ہیں زہرا کے پیارے ہیں
در نجف میں عرش معلی کے تارے ہیں

www.emarsiya.com

۱۷

[illegible]

ہر سال اس مہینے میں سب خاک اڑائیں گے
رہنے دو اب علم مرے شیعہ اٹھائیں گے

۱۸

[illegible]

جب فوت وہ قضائے الٰہی سے ہوئیں گے
ہم اپنے رونے والوں کو جنت میں لیں گے

۱۹

[illegible]

کس برق و نشان سے زرگی یہ پائی ہے
تیرے علم کے سائے میں میری خدائی ہے

۲۰

[illegible]

کیا دیکھتے ہیں وہ کہ فراق حسینؑ سے
خیمے میں رو رہا ہے علم شور و شین سے

۲۱

[illegible]

تا فوج ناملوس شہ دربار ہووے گا
اس گھر میں اب کوئی نہ علمدار ہووے گا

۲۲

[illegible]

زینب پکاری شاہ نجف یاد آتے ہیں
کس شان سے علم لیے عباس جاتے ہیں

۲۳

[illegible]

روشن رہے قمر شب [illegible] جو حسین کا
وہ خاک [illegible] ہو دشمن حسین کا

۲۴

[illegible]

ایسا نہ ہو کہ جا کے فرات [illegible]
اپنے علم میں مشک مری [illegible]

۲۵

[illegible]

آ تو [illegible] مجھ کو سب [illegible]
[illegible]

[illegible]

نامحرموں میں کھینے کو کیا فصّہ آئی تھی
بلوے پیام زینبِ بیکس کا لائی تھی

[illegible]

باجوں کے غل سے بچوں کو وحشت جو ہوئی تھی
اصغر کے دل پہ ہاتھ رکھے بانو روتی تھی

[illegible]

لشکر جو ساتھ تھا وہ نثارِ خدا کیا
جھولے سے شیر خوار کو لا کر فدا کیا

[illegible]

مالک ہو بھائی جان جسے جو رتبہ دیجیو
سردارِ فوج کا مرے اکبر کو کیجیو

[illegible]

ٹھہرا ہی سب نے فاطمہؑ کے نور عین کو
آؤ مدینے والو بچا لو حسینؑ کو

[illegible]

ماں رن میں اور خیمے میں ماں جائی روتی تھی
تنہائی پر حسینؑ کی تنہائی روتی تھی

[illegible]

دی یا علی نے ندا کہ دم شور و شین ہے
زہرا سے کہہ دو نوبتِ قتلِ حسینؑ ہے

[illegible]

کاسے لیے پکارتی تھی رسالتمآب کو
نانا گہن لگا ہے ترے آفتاب کو

[illegible]

آخر بہانہ غم کے دل پاک پر گرے
منہ سے لہو اگلتے ہوئے خاک پر گرے

[illegible]

سر کاٹنے کو پاؤں کسی کا نہ بڑھ سکا
جز رنگ زرد اور کوئی منھ پہ نہ چڑھ سکا

[illegible]

للہ بیٹیوں کو نہ میری تباہ کر
تو اسکے ننھے بچوں کے سن پر نگاہ کر

[illegible]

پردہ اٹھا کے دیکھتی تھی جو اسیر حسین
برچھی ہلا کے اسکو دکھاتا سر حسین

[illegible]

زہرا پکارتی ہوئی آئی دہائی ہے
ہاں ہاں ارے شقی یہ ہماری کمائی ہے

[illegible]

شاید یہ تیغ تھام لے معصوم جان کر
دادا نے گلے پہ گلا رکھ دوں آن کر

[illegible]

آگے تو بے ردا حرم روتے جاتے تھے
پیچھے پکارتے ہوئے سب بچے آتے تھے

[illegible]

صدقہ نبی کی روح کا حیدر کی گور کا
تو گل نہ کر چراغ پیمبر کی گور کا

[illegible]

بچوں کو لے کے ڈیوڑھی سے زینب جو ہٹ گئی
ہاں بوسہ گاہ احمد مختار کٹ گئی

[illegible]

وہ گر کے گلے سے جو گلا یوں لپٹ گئی
جانا یہ اہلبیت نے دنیا الٹ گئی

۴۴

[illegible]

زہرا کے سید سندی تو نے کیا کیا
امت نے کس گنہ پہ ترا سر جدا کیا

۴۵

[illegible]

ہے ہے اٹھی نوجوان سے اپنی گذر گیا
میں آج مر گئی مرا سب کنبہ مر گیا

۴۶

[illegible]

مر جاؤں گی تڑپ کے ولا اشتاب دو
بتلا کس آسرے پہ جیوں میں جواب دو

۴۷

[illegible]

لاؤں کہاں سے فاتح بدر و حنین کو
ہوتے علی تو کہتی جلاؤ حسین کو

۴۸

[illegible]

زینب اسیر وارث دل بیتلا رہو
چھینے ہیں بے کفن پڑے ہوں تم بے ردا رہو

۴۹

[illegible]

یہ ارث والدہ کی تڑپ سے ہاتھ آئے گی
اس قافلے میں تو ذرہ بیدا دکھائے گی

۵۰

[illegible]

خالق سے کہہ کہ بخشش ہر مدعا مجھے
حضرت نے کربلا کا مرقع دکھا مجھے

۵۱

[illegible]

سجدے کے لیے خواب میں شمس و قمر گئے
محراب عبادت میں ستارے نظر آگئے

۵۲

[illegible]

ہاں خاص نبی حق کے علی خاص نبی کے
یہ خاص فدائی ہیں حسین ابن علی کے